Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

13 جولائی، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

مجھے امید ہے کہ آپ اور آپ کے بچے ایک پُرمسرت موسم گرما سے لطف اندوز ہورہے ہونگے اور صحتمند اور محفوظ ہونگے۔ موسم گرما آرام کرنے اور توانائی بحال کرنے کا اہم وقت ہوسکتا ہے — خاص طور پر پچھلے چند ماہ کے باعث، جو طلبا، خاندانوں اور عملے کے لیے یکساں طور پر مسابقت طلب رہے ہیں۔

ملکر، ہم نے اس مسابقت کا مقابلہ کیا ہے — اور آپ کے بچوں نے ثابت کیا ہے کہ وہ غیرمعمولی حالات میں کیا کرسکتے ہیں۔ اس موسم گرما میں، میں آپ سے تعلیم جاری رکھنے کی گزارش کرونگا!

ہمارے سامنے آنے والے تعلیمی سال کا غیرمعمولی آغاز ہے، اور ہم جانتے ہیں کہ تمام طلبا کامیابی کے لیے بہتر طور پر تیار ہونگے اگر وہ سماجی اور جذباتی طور پر مصروفِ عمل رہیں، اور اگلے متعدد ہفتوں کے دوران تعلیمی تجربات میں سرگرمی سے مشغول رہیں۔

آپ کے بچوں کے لیے کامیابی کی جانب راہوں میں معاونت کے لیے، ہم نے تدریسی وسائل جمع کیے ہیں جو آپ اور آپ کے بچوں کے لیے پُرلطف اور ذہنی تحریک دونوں ہونگے: موسم گرما میں مطالعہ، موسمِ گرما تقویتی پروگرام، کالج بریج فار آل، اوردیگر معاونتیں گرمیوں کے مہینوں میں جاری ہیں۔ براہِ مہربانی مزید جاننے کے لیے پڑھتے رہیئے — میں آپ کی حوصلہ افزائی کرونگا کہ جتنا ممکن ہو ان میں سے زیادہ سے زیادہ سے مستفید ہوں!

## موسم گرما مطالعہ

بچوں کے لیے اپنے ذہنوں کو متحرک اور اپنی تخلیقی صلاحیت کو جاری رکھنے کا بہترین طریقہ تمام گرمیوں کے دوران مطالعہ جاری رکھنا ہے۔ تعلیمی سال کے اختتام سے اب تک، نیویارک شہر کے طلبا نے 30,000 سے زیادہ کتابوں تک رسائی حاصل کی ہے اور ای بُک ریڈر، Sora کے ذریعے 7,500 سے زیادہ مطالعے کے گھنٹے لاگ کیے ہیں۔ محکمۂ تعلیم ہمارے 3K–12 طلبا کو Sora کے ذریعے سینکڑوں ای بُکس اور آڈیوبکُس تک مفت رسائی جاری رکھنے میں پُرجوش ہے۔ ہم آپ کی اپنے بچوں کو پڑھ کر سنانے کی اور ان کی خودمختاری سے مطالعہ کرنے کی ترغیب دینے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ آپ کو مجموعے تک رسائی کے لیے صرف اپنا محکمۂ تعلیم کا اکاؤنٹ نام اور پاس ورڈ درکار ہے۔ مزید جاننے کے لیے schools.nyc.gov/summerreading پر جائیں۔

اس کے علاوہ، نیویارک شہر اسکول لائبریری نظام نے نیویارک شہر پبلک اسکول طلبا کے لیے K–12 افسانوی اورغیرافسانوی ای بُکس کا ایک خاص مجموعہ تشکیل دیا ہے۔ مکمل مجموعہ دیکھنے کے لیے galepages.com/nycdoe11/ebooks پر جائیں۔ ای بُکس تک رسائی کے لیے، براہ مہربانی libraries@schools.nyc.gov پر ای میل کرکے ایک یوزر نیم اور پاس ورڈ حاصل کریں۔

## موسمِ گرما تقویتی چیلنجز اور سرگرمیاں

کون کہتا ہے کہ آموزش آپ کو ولولہ انگیز نئی دنیاؤں تک نہیں لے جاسکتی؟ اس گرمیوں کے موسم میں خاندان 100 سے زائد مفت ورچوئل فیلڈ ٹرپس پر غیرمعمولی افراد اور جگہوں کا ورچوئلی "دورہ" کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ یہ ورچوئل وسائل طلبا کا تاریخ کے غیرمعمولی واقعات کا سامنا کرنے اور محسورکُن عنوانات کے بارے میں مزید جاننے میں مدد کریں گے: جانوروں سے کرہ ہوائی تک، نیویارک شہر پانی کی فراہمی سے نیشنل پارکس تک، شہد کی مکھیوں سے ہپ ہاپ تک، اور بھی بہت کچھ۔ ہمارے درجنوں شراکت داروں میں شامل ہیں آڈوبون نیویارک، پالی سینٹر فار میڈیا، کوئنز بوٹینیکل گارڈن، اسٹیٹن آئلینڈ زوُ، دی وائلڈلائف کنزرویشن سوسائٹی۔ وہ آپ کی نیویارک کی سڑکوں اور ان سے آگے کی سیاحت کرنے میں مدد کرنے کے متمنی ہیں۔

محکمۂ تعلیم طلبا کے حصہ لینے کے لیے 13 جولائی سے 17 اگست کے ہفتوں کے دوران متعدد شہرپیما چیلنجز کا انعقاد بھی کررہا ہے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کونسے برو میں ہیں یا کس گریڈ میں ہیں: آپ ایک پُرلطف مقابلے میں حصہ لے سکتے ہیں جہاں آپ دوسروں کو اپنی محنت اور ہنر دکھا سکتے ہیں۔ یہ ولولہ انگیز موسم گرما کے مقابلے رقص یا گانے کے ذریعے اپنے تاثرات کا اظہار کرنے، مائن کرافٹ (Minecraft) میں اپنی ایک پِکسل تصویر بنانے سے نیویارک شہر میں طیور بینی (bird watching) کے مقابلے پر محیط ہیں۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

آپ Sora، ورچوئل فیلڈ ٹرپس، اور شہرپیما چیلنجز کے بارے میں مزید معلومات schools.nyc.gov/summerlearning پر حاصل کرسکتے ہیں۔

## کالج بریج فار آل

ہمیں سندیافتہ ہونے والی 2020 کی کلاس پر بہت فخر ہے – ہم نے Jennifer Lopez, Alex Rodriguez, Lin-Manuel Miranda اور نیویارک شہر کے دیگر متعدد فخریہ مکینوں کی شراکت میں ایک شہرپیما ورچوئل سندیافتگی تقریب کے ذریعے جون کے آخر میں ان کا جشن منایا۔ اگر آپ شہرپیما تقریب نہیں دیکھ سکے، آپ nycclassof2020.com پر اسے دیکھ سکتے ہیں۔

ہم اپنے سندیافتگان کی کالج بریج فار آل پروگرام کے ذریعے مفت انفرادی رہنمائی کے ساتھ انکے اگلے اقدامات میں مدد کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اب سے ستمبر تک، سندیافتگان کو اتالیقوں تک رسائی حاصل ہے جو ان کی تمام راہِ عمل میں منتقلی میں مدد کے لیے تربیت یافتہ ہیں، چاہے وہ کالج ہو، ایک طرزِ معاش کا تربیتی پروگرام ہو، ایک پیشہ وارنہ پروگرام، خدمت، یا ملازمت ہو۔ براہِ مہربانی اپنے سندیافتہ کی bit.ly/classof2020nyc پر سینئر رابطہ فارم مکمل کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

## مسلسل اعانتیں

ان مسلسل خدمات کی ایک یاددہانی:

- **موسمِ گرما** کا اسکول وسط اگست تک ہوتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے schools.nyc.gov/summerschool ملاحظہ کریں۔
- **ریموٹ لرننگ۔** اپنی ڈجیٹل صلاحیتوں کو نکھارنا چاہتے ہیں؟ گوگل کلاس روم (Google Classroom)، مائیکروسافٹ ٹیمز (Microsoft Teams)، اور Zoom اور دیگر ریموٹ لرننگ پلیٹ فارمز کے بارے میں مزید جاننے کے لیے schools.nyc.gov/technicaltools پر جائیں۔
- **"Let's Learn NYC!"** ، تعلیمی پبلک ٹیلی وژن پروگرام جو WNET/THIRTEEN اور محکمۂ تعلیم کا تخلیق کردہ ہے، 13 جولائی سے دوبارہ شروع ہورہا ہے اور دوپہر 12 بجے سے دوپہر 1 بجے (EST) تک 28 اگست تک چینل 13 پرآپ کے مقامی ٹیلی وژن نیٹ ورک پر نشر ہوگا۔ Let's Learn NYC! کی قسطیں آن لائن thirteen.org/programs/lets-learn-nyc/ پر بھی دیکھی جاسکتی ہیں۔ قسطیں 3-K سے دوسرے گریڈ کے بچوں کی بنیادی مطالعہ اور تحریر کی صلاحیتوں، ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس پر توجہ جاری رکھیں گی۔ ذیل پر مزید معلومات حاصل کریں: schools.nyc.gov/letslearn.
- **Meal Hubs** تمام نیویارک کے تمام شہریوں کو مفت آئیں اور لے جائیں کھانے فراہم کرتے ہیں۔ یہ خدمت صبح 7:30 تا دوپہر 1:30 بجے تک پیر تا جمعہ دستیاب ہیں۔ مزید معلومات اور اپنے نزدیک میل ہبس تلاش کرنے کے لیے schools.nyc.gov/freemeals پر جائیں۔
- **علاقائی تعلیمی تقویتی مراکز** اہم کارکنان کے بچوں کو ہنگامی صورت میں بچوں کی نگہداشت فراہم کرتے ہیں، اور پیر تا جمعہ صبح 7:30 تا شام 6:00 بجے تک اگست تک کھلے ہیں۔ ذیل پر مزید معلومات حاصل کریں: schools.nyc.gov/RECs.

جبکہ آپ گرمیوں میں مصروف ہیں، میں جانتا ہوں آپ یہ جاننے کے لیے بے چین ہیں کہ اس خزاں میں تعلیم آپ کے بچے کے لیے کیسی نظر آئے گی۔ میں ان 400,000 سے زائد خاندانوں کا شکرگزار ہوں جنہوں نے ہمارا اسکول واپسی کا سروے مکمل کیا۔ آپکی آرا ہماری فیصلہ سازی کا ایک اہم جز رہی ہیں۔ ہمیشہ کی مانند، ہمارے طلبا، خاندانوں اور عملے کے ممبران کا تحفظ ہماری اولین ترجیح رہے گی۔ ہم بیماری پر قابو اور انسداد کے مراکز، نیویارک ریاست، اور نیویارک شہر محکمہ صحت اور دماغی صحت کی جانب سے رہنمائی خطوط کا گہرائی سے مطالعہ کررہے ہیں۔

ابتدائی منصوبہ بندی رہنمائی کا اسکولوں اور خاندانوں کے ساتھ اشتراک کیا گیا ہے، اور آپ جدید ترین معلومات schools.nyc.gov/returntoschool2020 پر دیکھ سکتے ہیں۔ براہِ مہربانی آگاہ رہیں کہ ہمارے منصوبے حسبِ ضرورت لچکدار

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

ہونگے، اور اسکول دوبارہ کھلنے کا وقت قریب آنے تک، ہم عوامی صحت کی تبدیل ہوتی ہوئی صورتِ حال کے پیش نظر مطابقت اور ترمیم جاری رکھیں گے۔

اس خزاں میں اسکولوں میں حفاظت سے واپسی نہ صرف اسکول قائدین اور معلمین کے ساتھ شراکت کا مطالبہ کرے گی، بلکہ آپ، ہمارے خاندانوں اور طلبا کے ساتھ بھی۔ جب ہم ضروری رہنمائی موصول کریں گے میں آپ کو باخبر رکھنا جاری رکھونگا۔ میں یہ پہلے بھی کہہ چکا ہوں لیکن اس میں اب بھی کم صداقت نہیں ہے: آپ ہمارے اہم ترین شراکت دار ہیں اور میں آپ کا آج اور ہر دن شکرگزار ہوں۔

اپنے موسم گرما سے لطف اندوز ہوں۔ براہِ مہربانی محفوظ اور صحتمند رہیں — اور تعلیم جاری رکھیں!

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمۂ تعلیم